42804- قسم کے کفارہ میں کھانا دینے کی استطاعت ہوتے ہوئے روزے رکھنے سے کفارہ ادا نہیں ہوگا

سوال

مجھ پر قسم کا کفارہ تھا، تو میں نے تین یوم کے روزے رکھ لیے حالانکہ میرے پاس دس مسکینوں کو کھانا دینے کی استطاعت موجود تھی، کیا میں نے جو کیا ہے وہ صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

کھانا یا لباس دینے یا غلام آزاد کرنے کی استطاعت ہوتے ہوئے روزے رکھنے سے کفارہ ادا نہیں ہوگا، کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی نے روزوں کی ترتیب اس وقت رکھی ہے جب کھانا، یا لباس یا غلام نہ ہو، اسی کو بیان کرت ہوئے اللہ تعالی نے فرمایا :

.{اللہ تعالی تمہاری لغو قسموں میں تمہارا مؤاخذہ نہیں کرتا لیکن ان قسموں کا مؤخذہ فرماتا ہے جن قسموں کو تم نے مضبوط کیا ہو، اس کا کفارہ دس محتاجوں کو اوسط درجے کا کھانا دینا جو اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو، یا ان کو لباس دینا، یا ایک غلام آزاد کرنا، اور جس کے پاس اس کی استطاعت نہ ہو اور وہ یہ نہ پائے تو وہ تین یوم کے روزے رکھے، یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جب تم قسمیں اٹھاؤ، اور اپنی قسموں کا خیال رکھو! اسی طرح اللہ تعالی تمہارے لیے اپنے احکام بیان کرتا ہے تاکہ تم شکر کرو}.المآئدۃ(89).